لائن سے آنے والے پانی میں ہلکی سی بو ہو، تو پانی پاک ہے یا ناپاک

مجیب: سید مسعود علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-743

تاریخ اجراء: 14جمادی الاولیٰ1444ھ/09دسمبر2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ہماری بلڈنگ میں آنے والے لائن کے پانی میں ہلکی بدبو آرہی ہے تو یہ پانی پاک ہے یا ناپاک؟ اور اس پانی کا استعمال جائز ہے؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

اگر اس پانی میں کسی ناپاک چیز کے ملنے کا یقینی طور پر علم نہیں ہے تو اس صورت میں جب تک پانی میں کسی ناپاک چیز کے شامل ہونے کا یقینی علم نہ ہو اس پانی کو پاک ہی سمجھا جائے گا، اسے ناپاک نہیں کہہ سکتے۔ کیونکہ پانی میں بدبو آنا صرف اس کے ناپاک ہونے کی وجہ سے ہی نہیں ہوتا بلکہ اس کی اور بھی وجوہات ہیں مثلاً پانی کافی عرصے تک ایک ہی جگہ کھڑا رہے تو اس سے بھی بدبو پیدا ہو سکتی ہے اس صورت میں چونکہ پانی کا ناپاک ہونا یقینی نہیں لہٰذا اسے پاک ہی شمار کیا جائے گا۔ البتہ اگر دوسرا صاف پانی موجود ہو تو ایسے پاک بدبودار پانی سے وضو و غسل کرنا مکروہ ہو گا۔

ہاں اگر یقینی طور پر معلوم ہو کہ پانی میں سیوریج کا پانی یا نجاست شامل ہو رہی ہے تو اس صورت میں جب تک اس پانی میں نجاست کی بدبو ظاہر ہو رہی ہے یہ پانی ناپاک ہے۔ اس کو استعمال کرنا، جائز نہیں کیونکہ اس کا استعمال بدن، کپڑے، برتن وغیرہ سب ناپاک کر دے گا۔

اعلیٰ حضرت امام اہلسنت مولانا شاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: ”رنگ یا بُو یا مزہ اگر کسی پاک چیز کے گرنے یا زیادہ دیر ٹھہرنے سے بدلے تو پانی خراب نہیں ہوتا۔ ہاں نجاست کی وجہ سے تغیر آجائے، تو نجس ہو گا اگرچہ کتنا ہی کثیر کیوں نہ ہو۔“ (فتاویٰ رضویہ، جلد3، صفحہ250، رضا فاؤنڈیشن لاہور)

اور بدبو والے پاک پانی سے وضو کرنے کے بارے میں لکھتے ہیں: ''پانی میں کولتار پڑ گیا جس سے اس میں سخت بدبُو آگئی مگر گاڑھانہ ہو گیا، اس سے وضو جائز ہے۔۔۔اقول مگر بوجہ خبث رائحہ مکروہ ہونا چاہیے خصوصاً اگر اس کی بدبو نماز میں باقی رہی کہ باعث کراہت تحریمی ہے۔'' (فتاوی رضویہ، جلد2، صفحہ565، رضافاؤنڈیشن لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net